Shabbir / Farooqui

02-06-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ میانما کے صدر U Min Aung Hlaing نے یقین دلایا ہے کہ میانما کے علاقے کو، بھارت کے سکیورٹی مفادات کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔

☆ کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ نے باہمی تجارتی سمجھوتے کے پہلے مرحلے کے بیشتر پہلوؤں کو حتمی شکل دے دی ہے۔

☆ اُتراکھنڈ میں یونیسکو کے عالمی وِرثے کے مقام Valley of Flowers کو سیاحوں کیلئے کھول دیا گیا ہے۔

☆ ایشیائی گیمز 2026 سے قبل 22 کشتی راں کھلاڑیوں کو TOPS ترقیاتی گروپ میں شامل کیا گیا ہے۔

☆ اور ہاکی میں، 18 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیاء کپ میں بھارت نے کوریا کو ایک کے مقابلے چار گول سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Myanmar Prez Talks

میانما کے صدر U Min Aung Hlaing نے وزیراعظم نریندر مودی کو یقین دلایا ہے کہ میانما کے علاقے کو بھارت کے سکیورٹی مفادات کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائیگا۔ دونوں رہنماؤں نے کل نئی دلّی میں تجارت، دفاع، توانائی اور کنکٹی وِٹی کے شعبوں میں باہمی تعلقات کو فروغ دینے کیلئے وسیع تر موضوعات پر بات چیت کی۔ میانما کے صدر، بھارت کے پانچ دن کے دورے پر آئے ہوئے ہیں۔

بات چیت کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے خارجہ سکریٹری وِکرم مِسری نے بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے میانما کے اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کے تئیں بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا اور طرفین نے اپنے سکیورٹی مفادات کے منافی سرگرمیوں کیلئے اپنے علاقے کے بیجا استعمال کی روک تھام کی اہمیت اجاگر کی۔

0815- Vikram Misri -Territorial

خارجہ سکریٹری نے بتایا کہ دونوں ملکوں نے، خاص طور پر تجارت، سرمایہ کاری، صحت، تعلیم، توانائی اور مصنوعی ذہانت جیسی اہم ٹیکنالوجی کے شعبوں میں قریبی اشتراک قائم کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

میانما کے صدر اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ آج ممبئی جارہے ہیں، جہاں وہ کاروباری اور صنعتی رہنماؤں کے ساتھ گفتگو کریں گے اور مختلف مقامات کا دورہ کریں گے۔x

Indo US Trade Talks

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ نے باہمی تجارتی سمجھوتے کے پہلے مرحلے کے بیشتر پہلوؤں کو حتمی شکل دے دی ہے اور اب مذاکرات میں چند معمولی اُمور پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ امریکی ٹیم دو طرفہ تجارتی معاہدے کے پہلے مرحلے کو حتمی شکل دینے کے بارے میں بات چیت کیلئے نئی دلّی آئی ہوئی ہے۔ یہ بات چیت نئی دلّی میں آج سے جمعرات تک جاری رہے گی۔

کامرس کے محکمے میں ایڈیشنل سکریٹری دَرپَن جین بھارت کے اعلیٰ مذاکرات کار ہیں، جبکہ امریکی ٹیم کی سربراہی اُس کے اعلیٰ مذاکرات کار Brendan Lynch کررہے ہیں۔x

BJP Meeting 12 Yrs

BJP کے قومی صدر نتن نبین نے کل نئی دلی میں پارٹی کے اعلیٰ عہدہ داروں اور کارکنان کے ساتھ میٹنگ میں حصہ لیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے، پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ اور ترجمان ڈاکٹر Sambit پاترا نے نریندر مودی حکومت کے گذشتہ 12 سال، تنظیمی توسیع اور معاشرہ کے مختلف طبقوں تک پارٹی کی پہنچ کو بڑھانے سے متعلق بات چیت کے کلیدی نکات کو شیئر کیا۔

انھوں نے کہا کہ حکومت اپنے 12 سال مکمل کر رہی ہے اور ہر کسی نے یہ محسوس کیا ہے کہ کیسے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت میں ہر شعبہ میں ترقی رونما ہوئی ہے۔

جناب پاترا نے کہا کہ موجودہ وقت میں BJP اور NDA کو ملک کی 22 ریاستوں میں خدمات انعام دینے کا موقع حاصل ہے۔x

Govt 12 Yrs Empowerment of Women

وزیر اعظم نریندر مودی کی مثالی قیادت میں، گزشتہ 12 سال میں بھارت میں نمایاں تبدیلی رونما ہوئی ہے۔

سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس اور سب کا پریاس: کا اصول اس تبدیلی کا مُحرک رہا ہے۔

اس دوران، مودی حکومت نے غریبوں کسانوں، خواتین اور نوجوانوں پر مرکوز متعدد پہلوں کا اغاز اور نفاذ کیا ہے۔آکاشوانی نیوز، گزشتہ 12 سال میں کلیدی شعبوں میں کیے گئے حکومت کے اقدامات پر ایک خصوصی سیریز پیش کر رہا ہے۔ آج ہم حکومت کی جانب سے خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق کیے گئے اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

Capsule- Anand Eng\ Dipendra Hindi

گزشتہ 12 سال میں، خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق اقدامات میں نمایاں تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ حکومت کی جانب سے حفظانِ صحت، تعلیم، روزگار کے مواقع اور معاشی شمولیت کیلئے کیے گئے اقدامات اس تبدیلی کے محرک ہیں۔ پردھان منتری مدرا یوجنا کے تحت، جس کا آغاز 2015 میں کیا گیا تھا، کروڑوں خواتین اپنے کاروبار کو شروع کرنے اور وسعت دینے کیلئے ضمانت سے مبرّا قرض حاصل کر پائی ہیں۔

مذکورہ اسکیم کے تحت، اس سال مارچ کے آخر تک 40 لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کا قرض دیا جا چکا ہے جس میں سے 17 لاکھ کروڑ روپئے خواتین کو دیے گئے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، Tirupur تملناڈو کی رہائشی Vanishri نے بتایا کہ

Byte: Vanishri

پردھان منتری جن دھن یوجنا، سکنیا سمردھی یوجنا اور Womaniya جیسی کلیدی اسکیموں کی بدولت، بینکاری، بچت اور کاروباری پلیٹ فارموں تک خواتین کی پہنچ بڑھی ہے۔

جن دھن یوجنا کے تحت، خواتین کے 33 کروڑ جن دھن کھاتے کھولے جا چکے ہیں۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ہماچل پردیش میں شملہ کی رہائشی سروج بالا نے کہا کہ حکومت کی اسکیموں سے متعلق رقم اب سیدھے ان کے بینک کھاتے میں منتقل کی جاتی ہے۔

Byte: Saroj Bala

اختراعی پروگراموں اور موزوں پالیسیوں کے ساتھ، خواتین ایک خودکفیل اورسب کی شمولیت والی معیشت کو تشکیل دینے میں اہم رول ادا کر رہی ہیں۔

آکاشوانی نیوز دلی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

<u>Judges Oath</u>

سپریم کورٹ میں نو تقرر شدہ پانچ جج آج حلف لیں گے۔ بھارت کے چیف جسٹس Surya Kant انھیں عہدے کا حلف دلائیں گے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارت کے چیف جسٹس سے مشاورت کے بعد سپریم کورٹ میں پانچ نئے ججوں کی تقرر کی ہے۔x

CBSE Portal Live

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے طلباء کیلئے نمبروں کی تصدیق اور امتحان کے پرچوں کی پھر سے جانچ کیلئے پورٹل شروع کردیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بورڈ نے یہ جانکاری دی ہے۔

CBSE نے طلباء کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ نمبروں کی تصدیق اور امتحان کے پرچوں کی پھر سے جانچ کیلئے درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں ہدایات کے تعلق سے ویڈیو کو دھیان سے دیکھیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Uttarakhand Flowers Valley

اترا کھنڈ میں، Unesco عالمی ورثے کے مقام Valley of Flowers کو سیاحوں کیلئے کھول دیا گیا ہے۔ مذکورہ مقام ریاست کے چمولی ضلع میں ہے۔

جنگلات کے محکمے نے سیاحوں سے اپیل کی ہے کہ وہ Valley کے مالا مال حیاتیاتی تنوع اور پودوں کی کمیاب اقسام کے تحفظ میں تعاون کریں۔

محکمہ کے مطاق، Valley of Flowers میں سردست پھولوں کی 300 اقسام اور پودوں کی متعدد کمیاب اقسام ہیں۔ فاریسٹ رینج آفیسر Chetna Kandpal نے بتایا کہ Valley، 31 اکتوبر تک سیاحوں کیلئے کھلی رہے گی۔

SB /- Chetna Kandpal

قابل ذکر ہے کہ Valley of Flowers ایک ایسے خطے میں واقع ہے جہاں مشکل جغرافیائی حالات ہیں۔ موسمی حالات اور سلامتی کے معیارات کو مدنظر رکھتے ہوئے، سیاحوں کو ضروری رہنما خطوط جاری کیے جا رہے ہیں، تاکہ ان کے سفر کو محفوظ اور لطف اندوز بنایا جا سکے۔x

UP Enquiry

اترپردیش سرکار نے ہمیر پور ضلع میں Betwa دریا پر زیرِتعمیر پل کا کچھ حصہ گرنے کے واقعے کی تحقیقات کیلئے اعلیٰ سطح کی دو انکوائری کمیٹیاں تشکیل دی ہیں۔ اس سانحے میں 6 افراد کی موت ہوگئی تھی۔

ہمیر پور کے ضلع مجسٹریٹ ابھیشیک گوئل نے بتایا کہ ضلع انتظامیہ کی جانب سے تشکیل دی گئی تین رُکنی انکوائری کمیٹی اس واقعہ سے وابستہ سبھی انتظامی، تکنیکی اور طریقۂ کار سے متعلق پہلوؤں کی تفصیلی جانچ کررہی ہے۔

ضلع مجسٹریٹ نے بتایا ہے کہ اس حادثے کے سلسلے میں Kurara تھانے میں کیس درج کیا گیا ہے۔×

Youth Affairs TOPS

2026 کے ایشیائی کھیلوں سے قبل 22 کشتی راں کھلاڑیوں کو ٹارگیٹ اولمپک پوڈیم اسکیم TOPS ترقیاتی گروپ میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ کھلاڑی اب کشتی رانی کے مقابلے والے بڑے بین الاقوامی کھیل مقابلوں کیلئے تیاری کریں گے، جس میں ایشیائی کھیل اور ورلڈ کپ سَرکِٹ شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Akshit

کھیلوں کے محکمے کی وزارت نے کہا ہے کہ اِن کشتی راں کھلاڑیوں کو TOPS ترقیاتی گروپ میں شامل کیا جانا تمغوں کے انفرادی امکانات پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے کشتی کے کئی کھیل مقابلوں میں پائیدار استحکام قائم کرنے کی ایک اور کوشش ہے۔ جن کھلاڑیوں کو اس میں شامل کیا گیا ہے، اُن میں 2024 کے پیرس اولمپک میں کھیلنے والے بلراج Panwar، ایشیائی گیمز 2022 میں چاندی کا تمغہ حاصل کرنے والے اَروِند سنگھ اور 2022 کے ہی ایشیائی گیمز میں دو تمغے جیتنے والے جسویندر سنگھ شامل ہیں۔ شامل کئے گئے بیشتر کھلاڑیوں کو، خاص طور پر 2026 کے ایشیائی کھیلوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے تیار کیا جارہا ہے۔

دلّی سے اَکشِت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Hockey U-18 Asian Ind

ہاکی میں جاپان میں Kakamigahara کے مقام پر 18 سال تک کی عمر کے ایشیاء کپ میں پول-اے کے اپنے تیسرے میچ میں بھارت نے کوریا کو، ایک کے مقابلے چار گول سے ہرادیا۔ بھارتی ٹیم کے کپتان کیتن کُشواہا نے کھیل کے تیسرے اور 36 ویں منٹ میں دو گول کئے۔ Varinder سنگھ نے پانچویں منٹ میں ایک گول کیا، جبکہ شاہ رُخ علی نے کھیل کے 54 ویں منٹ میں زور دار طریقے سے گول کیا۔

اس کامیابی کے ساتھ ہی پول-اے میں کوریا اور جاپان کے ساتھ ساتھ بھارت کے بھی 6 پوائنٹ ہوگئے ہیں۔

بھارت، کل اپنا آخری پول میچ چینی تائی پے کے خلاف کھیلے گا۔×

Keralam Yellow Alert

کیرلم میں کہیں کہیں موسلادھار بارش کے امکان کے مدِنظر 14 ضلعوں میں سے 10 ضلعوں میں Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اگلے تین دن میں بارش میں شدت آنے کا امکان ہے۔×

Trump Israel Hezobollah

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل اور حزب اللہ لڑائی روکنے پر رضامند ہوگئے ہیں۔ اِس سے قبل انہوں نے اسرائیل کے وزیرِاعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ بات چیت کی اور ثالثوں کے توسط سے لبنان کے ملیٹنٹ گروپ کو اس سے مطلع کیا۔ صدر ٹرمپ نے نیتن یاہو سے فون پر گفتگو کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ جانکاری دی۔ امریکی صدر نے کہا کہ اب کوئی بھی فوجی بیروت نہیں جائے گا اور جو فوجی وہاں راستے میں ہیں، انہیں واپس بلالیا گیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے بتایا کہ حزب اللہ گروپ نے اس بات سے اتفاق کیا ہے کہ سبھی طرح کی گولی باری بند ہوجائے گی، اسرائیل اُس پر حملہ نہیں کرے گا اور وہ بھی اسرائیل پر کوئی وار نہیں کریں گے۔x

TMC Expel

ترنمول کانگریس نے اپنے دو MLAs سندیپن ساہا اور Ritabrata بنرجی کو پارٹی سے نکال دیا ہے۔ یہ کارروائی دونوں رہنماؤں کی جانب سے پارٹی مخالف کارروائیوں، کلیدی میٹنگوں میں عدم موجودگی اور پارٹی قیادت مخالف بیانات کی وجہ سے کی گئی ہے۔ مغربی بنگال اسمبلی انتخابات میں TMC کی شکست کے بعد پارٹی میں جاری داخلی انتشار کے تناظر میں یہ کارروائی سامنے آئی ہے۔x

ED Gian Sagar Trust

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ، ED نے پنجاب میں رام نگر کے مقام پر گیان ساگر تعلیمی اور خیراتی ٹرسٹ کی 14 غیر منقولہ املاک کو عبوری طور پر قُرق کرلیا ہے، جن کی مالیت تقریباً ایک ہزار 600 کروڑ روپے ہے۔ کالے دھن کو جائز شکل دینے کی روک تھام سے متعلق ایکٹ کے تحت یہ کارروائی کی گئی ہے۔

ایجنسی نے کہا ہے کہ اُس نے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری فراڈ کی اپنی تحقیقات کے سلسلے میں یہ اِملاک قُرق کی ہیں، جس میں مذکورہ کمپنی اور اِس سے وابستہ اداروں کی جانب سے چلائی جانے والی اجتماعی سرمایہ کاری اسکیم شامل ہے۔ اس طرح ایجنسی اب تک ملک اور بیرونِ ملک واقع اثاثوں سمیت 28 ہزار 626 کروڑ روپے مالیت کی منقولہ اور غیر منقولہ املاک قُرق کرچکی ہے۔x

CBI Jhunjhunwala

مرکزی جانچ بیورو CBI نے بینک فراڈ کیس میں ریلائنس کمیونی کیشنز گروپ کے اعلیٰ ایگزیکیٹو، امیتابھ Jhunjhunwala کو گرفتار کرلیا ہے۔ ایجنسی نے بتایا ہے کہ وہ ریلائنس کمیونی کیشنز کے گروپ منیجنگ ڈائریکٹر ہیں اور کارپوریٹ Finance، بینکاری اور فنڈز کو بروئے کار لانے جیسے اہم کام کاج کے اُمور کی ذمہ داری سنبھال رہے تھے۔یہ الزام لگایا گیا ہے کہ قرضوں سے متعلق رقومات کے غلط استعمال سے بینکوں کو نقصان اُٹھانا پڑا۔

اس سے پہلے CBI نے بینک کو مبینہ طور پر 2 ہزار 929 کروڑ روپے سے زیادہ کا نقصان پہنچانے کی بنا پر ریلائنس کمیونی کیشنز لمیٹڈ اور انل امبانی کے خلاف اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی طرف سے موصولہ ایک شکایت کی بنیاد پر FIR درج کی تھی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کلیم احمد

شکریہ -نتیکا تیاگی

دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی اور میانما کے صدر کے درمیان ہوئی بات چیت کو نمایاں کیا ہے۔

وزیر اعظم نے میانما کے تئیں حمایت کا اعادہ کیا جبکہ صدر اُو مِن آ اوں لائن نے کہا کہ میانما میں بھارت مخالف عناصر کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے۔

اخبار کی ایک اور سرخی ہے: صدر جمہوریہ کی منظوری ملنے کے ساتھ ہی سپریم کورٹ کو ملے پانچ نئے جج۔ سپریم کورٹ میں اب ججوں کی کُل تعداد 37 ہوگئی۔

روزنامہ انقلاب کی نیٹ، امتحان سے متعلق سرخی ہے: سپریم کورٹ کا نیٹ امتحان کمپیوٹر سے کرانے سے انکار، پیپر لیک کی وجہ سے دوبارہ امتحان کیلئے 21 جون کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔

اخبار کی بین الاقوامی سرخیاں اس طرح ہیں:

- ایرانی حملوں میں 20 امریکی فوجی اڈوں کو نقصان۔
- ملک شام کے صدر احمد الشرع اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ٹیلیفون پر بات چیت میں دو طرفہ تعلقات، خطے کی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔
- ملیشیا میں 16 سال سے کم عمر بچوں کیلئے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندی۔ x

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

☆ میانما کے صدر U Min Aung Hlaing نے یقین دلایا ہے کہ میانما کے علاقے کو، بھارت کے سکیورٹی مفادات کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔

☆ کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ نے باہمی تجارتی سمجھوتے کے پہلے مرحلے کے بیشتر پہلوؤں کو حتمی شکل دے دی ہے۔

☆ اُتراکھنڈ میں یونیسکو کے عالمی وِرثے کے مقام Valley of Flowers کو سیاحوں کیلئے کھول دیا گیا ہے۔

☆ ایشیائی گیمز 2026 سے قبل 22 کشتی راں کھلاڑیوں کو TOPS ترقیاتی گروپ میں شامل کیا گیا ہے۔

☆ اور ہاکی میں، 18 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیاء کپ میں بھارت نے کوریا کو ایک کے مقابلے چار گول سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------